347

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۳۶

ٹیلیفون نمبر ۱۰

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ

عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل

ایڈیٹر: غلام نبی

دارالامان قادیان

THE DAILY

ALFAZLQADIAN.

تار کا پتہ الفضل قادیان

قیمت [illegible]

یوم پنج شنبہ

جلد ۲۸	۱۹ ماہ فتح ۱۳۱۹ ہش	۱۹ ذیقعدہ ۱۳۵۹ھ	۱۹ دسمبر ۱۹۴۰ء	نمبر ۲۸۸

مسلمان اور "اطاعت امیر"

معاصر "زمیندار" نے کانگرس کے اس "جماعتی نظام" اور "اپنے لیڈر کی اطاعت" سے متاثر ہوکر جو ان دنوں کانگرس کے ممبر گاندھی جی کے حکم سے گرفتار ہوکر پیش کر رہے ہیں۔ "اطاعت امیر" کے عنوان سے ایک مضمون لکھا ہے۔ جس میں مسلمانوں کو "کانگرس کی ستیہ آگرہ سے" سبق لینے کی تلقین کی ہے اور اسی سلسلہ میں دریافت کیا ہے۔ کہ:-

"کیا وہ اطاعتِ امیر کو اسی طرح اپنے لئے ضروری سمجھتے ہیں۔ جس طرح اسلام اور شارع اسلام صلواۃ اللہ علیہ نے انہیں ہدایت کی ہے۔" پھر اس کا جواب نفی میں دیتے ہوئے کہا ہے:-

"صرف یہ سمجھ لینے سے کہ کانگرس اور ہندو مہاسبھا ایک ہی تصویر کے دو رُخ ہیں۔ مسلمانوں کے مصائب ختم نہیں ہوسکتے اس کے لئے اسی ایثار و قربانی اور ایسی اطاعتِ امیر کی ضرورت ہے۔ جو کانگرسیوں کا طرّہ امتیاز ہے۔ مسلمان اس حقیقت کو جتنی جلدی سمجھ لیں۔ اتنا ہی ان کی قومی و سیاسی زندگی کے لئے مفید ہے۔"

"زمیندار" کو جس چیز نے سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ "ہندوستان میں ایسے سینکڑوں اور ہزاروں کانگرسی ہیں۔ جو گاندھی جی کے عقائد و طریق کار سے شدید اختلافات رکھتے ہیں۔ لیکن ان کا یہ اختلاف بھی ان کے جماعتی نظم میں حائل نہیں ہوسکتا۔"

پھر لکھا ہے:- "آج کانگرس کو ملکی سیاست میں جو امتیازی درجہ حاصل ہے اس کی اصل وجہ یہی ہے۔ کہ جزوی و کلی اختلافات کے باوجود تمام کے تمام کانگرسی اپنی اور جماعتی نجات اسی میں سمجھتے ہیں۔ کہ گاندھی جی کے ہر حکم پر سرِ تسلیم خم کر دیا جائے اور یہ وہ جوہر ہے۔ جو مسلمانوں کا خاص حصہ تھا۔ لیکن اور بہت سی خوبیوں کی طرح مسلمان اس خوبی کو بھی چھوڑ بیٹھے۔ اور اغیار نے اسے اپنا کر دنیا میں سرفرازی و سربلندی حاصل کرنا شروع کر دیا۔"

گویا "زمیندار" مسلمانوں کو کانگرسیوں کے طریق عمل سے جو سبق سکھانا چاہتا ہے وہ یہ ہے۔ کہ جس طرح وہ گاندھی جی کو اپنا مختارِ کل لیڈر قرار دے کر ان کے ہر حکم پر سرِ تسلیم خم کر دیتے ہیں۔ اسی طرح مسلمانوں کو کرنا چاہئے۔ کیونکہ ایک لیڈر کی کامل اطاعت ہی وہ جوہر ہے۔ جو مسلمانوں کا خاص حصہ تھا۔ اور سرفرازی و سربلندی حاصل کرنے کا واحد ذریعہ۔ لیکن کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ایک طرف تو "زمیندار" گاندھی جی سے کانگرسیوں کی اطاعت کی مثال پیش کر کے مسلمانوں سے یہ مطالبہ کر رہا ہے۔ کہ وہ بھی ایسا ہی کریں۔ یعنی ایک لیڈر کی اطاعت کرنا سیکھیں۔ لیکن دوسری طرف یہ بتانے سے بالکل قاصر رہا ہے کہ وہ کونسا "لیڈر" اور "امیر" ہے جس کی مسلمان اطاعت کریں۔ اور ظاہر ہے کہ جب تک ایسے انسان کا پتہ نہ بتایا جائے۔ مسلمانوں سے یہ نہیں کہا جاسکتا۔ کہ وہ امیر کی کامل اطاعت کا جوہر پیدا کریں۔

"زمیندار" نے پھر کر "مسلم لیگ" کا ذکر کیا ہے۔ لیکن کوئی لیگ نہ تو "امیر" کا درجہ رکھتی ہے۔ اور نہ اُس کی اطاعت "اطاعتِ امیر" کہلا سکتی ہے۔ پھر "مسلم لیگ" تو وہ ادارہ ہے۔ جو تفرقہ، اور شقاق کا بُری طرح شکار ہے۔ اور جسے خود "زمیندار" "قابلِ اصلاح" سمجھتا ہے چنانچہ لکھا ہے:-

"آج اگر مسلمان اپنے قائدین کے ہر فرمان کی تعمیل کو اپنے لئے دلیل راہ۔ اور شمع ہدایت بنالیں۔ تو مسلمان زعما اور مسلم لیگ کو بھی اس بات پر مجبور کیا جاسکتا ہے۔ کہ وہ کانفرنسوں، اور تقریروں کی بے فرد دنیا سے نکل کر ایثار و قربانی کے اس راستہ پر عمل پیرا ہوں۔ جو قوموں کی زندگی کے لئے ضروری ہے۔"

گویا پہلے تو مسلمان اپنے نامعلوم قائدین کے ان فرامین کو اپنے لئے دلیل راہ۔ اور شمع ہدایت بنائیں۔ جن کی کوئی حقیقت ہی نہیں اور جو گمنام قائدین کے ساتھ ہی کسی گوشۂ گمنامی میں پنہاں ہیں۔ پھر ان قائدین کو اپنے ڈھب کا بنانے کی سعی شروع کر دیں اور انہیں بتائیں۔ کہ اس راستہ پر عمل پیرا ہوں۔ جو مسلمانوں کی زندگی کے لئے ضروری ہے۔ کیا ان میں سے کوئی بات قابلِ عمل یا قابلِ فہم بھی ہے۔ قطعاً نہیں۔ جو قائدین خود اس بات کے محتاج ہوں۔ کہ مسلمان انہیں کامیابی کا راستہ بتائیں۔ ان کے ہر فرمان کی تعمیل کو دلیل راہ بنانے کے کیا معنی۔ پھر کُجا "اطاعتِ امیر" اور کُجا "اطاعت قائدین" بالفاظ "زمیندار" "اسلام اور شارع اسلام صلوٰۃ اللہ علیہ" نے "اطاعتِ امیر" کی ہدایت کی ہے۔ یعنی فردِ واحد کی۔ نہ کہ اپنے آپ بنے ہوئے "قائدین" کی۔

حقیقت یہ ہے۔ کہ وہ مسلمان جو خدا تعالےٰ کے مبعوث کردہ امام و پیشوا کو قبول کرنے سے محروم ہیں ناکامیوں پر ناکامیوں سے دوچار ہونے کی وجہ سے ایک طرف تو امیر کی کامل اطاعت کی ضرورت بشدت محسوس کر رہے ہیں۔ اور دوسری طرف اپنے میں سے کسی کو "امیر" بننے کا اہل نہ پا کر حیران و ششدر رہ جاتے۔ اور ایسی باتیں کہنے لگ جاتے ہیں۔ جنہیں خود بھی حقیقت سے دور سمجھتے ہیں کاش وہ خدا تعالےٰ کے قائم کردہ سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوکر ایک امام اور امیر کی اطاعت کے برکات حاصل کر سکیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بابو چراغ الدین صاحب معہ اہلیہ صاحبہ ۲۰/-
مستری جلال الدین صاحب ۵/۱۰
شیخ عبد الحمید محکمہ بجلی ۱۰۳/-
بابو امیر الدین صاحب ۵/۱۳
بابو نور محمد صاحب نسیم ۱۰/-
اہلیہ پیر اکبر علی صاحب ۳۵/-
" بابو عبد العزیز صاحب ۹/-
" " محمد حبیب صاحب ۵/۲
شیخ غلام محمد صاحب ۷/۹
قاضی عبد الرحیم صاحب ۱۲/۱۰

جماعت دولت پور پٹھانکوٹ

چوہدری حمید اللہ صاحب سب جج ۹۶/-
" نذیر احمد صاحب ۶۴/-
ڈاکٹر غلام محمد صاحب معہ اہلیہ صاحبہ ۳۳/-
چوہدری غلام احمد صاحب پلیڈر " " ۲۱/۱۳
شیخ نور دین صاحب میونسپل کمشنر ۶/۸
والدہ چوہدری ناصر احمد صاحب ۶/۸
چوہدری غلام محمد ملازم بجلی گھر ۶/۶
" علی احمد صاحب ۶/۲
" منگا صاحب ۵/۸
والدہ صاحبہ چوہدری نذیر احمد صاحب ۵/۶
قاضی عبد الحمید صاحب اسکم ۵/-
مخترمہ حسین بی بی صاحبہ ۵/-
" اقبال بیگم صاحبہ ۵/-

جماعت احمدیہ حیدر آباد دکن

سیٹھ محمد غوث صاحب ۳۳۵/-
محمد اعظم معین الدین صاحب ۳۳۵/-
والدہ صاحبہ مرحومہ محمد اعظم صاحب ۵۹/-
...م النساء بیگم صاحبہ اہلیہ سیٹھ محمد غوث صاحب ۱۸/-
محمد اعظم صاحب ۹۰/-
...یزہ بیگم صاحبہ اہلیہ محمد اعظم صاحب ۴۲/-
...د معین الدین صاحب ۹۰/-
...دہ بیگم صاحبہ اہلیہ محمد معین الدین صاحب ۳۵/-

میر احمد علی صاحب ۱۰۷/-
سعیدہ بیگم مرحومہ اہلیہ میر احمد علی صاحب ۳۷/-
محبوب علی صاحب ۷۲/-
سعیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ محبوب علی صاحب ۲۰۹/-
امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ دختر سیٹھ محمد غوث صاحب ۲۶/-
امۃ الحی بیگم " " " " ۱۱۰/-
غلام محمود صاحب فرزند " " " ۲۲/-
فرزند و دختران محمد اعظم صاحب ۹/-
سید محمد رحمت اللہ صاحب ۱۰/۸
اہلیہ صاحبہ سید محمد رحمت اللہ صاحب ۵/۸
احمد حسین صاحب ۱۱/۵
حیدر علی صاحب ۹۸/-
سعید النساء بیگم صاحبہ اہلیہ حیدر علی صاحب ۱۰/-
امۃ الحی صاحبہ دختر " " " ۵/-
امۃ السلام صاحبہ " " " " ۵/-
محمد اسحٰق صاحب ۹/-
فیض احمد صاحب ۹/-
شیخ محبوب صاحب دیورگ ۷/-

والدہ صاحبہ مرحومہ حبیب اللہ خانصاحب ۲۸/-
مبارکہ بیگم صاحبہ " اہلیہ " " " ۱۸/-
گل بانو بیگم " اہلیہ " " " ۱۸/-
فرزندان و دختران " " " ۸/-
محمد حسین صاحب ۱۸/-
اہلیہ صاحبہ محمد حسین صاحب ۶/۸
اہلیہ صاحبہ رسول صاحب مرحوم ۶/۸
حسن محمد صاحب ۱۳/-
خواجہ معین الدین صاحب ۱۳/-
راج محمد صاحب ۱۳/-
خواجہ حسین صاحب ۱۳/-
عبد القادر صاحب ۷/-
سیٹھ عبد اللطیف صاحب ۴۴/-
والدہ صاحبہ سیٹھ عبد اللطیف صاحب ۱۲/-
مرزا دلاور علی بیگ صاحب ۶۰/-
اہلیہ صاحبہ مرزا دلاور علی بیگ صاحب ۱۷/-
محمد عثمان صاحب ۱۰/-
اہلیہ صاحبہ محمد عثمان صاحب ۵/-

اے دوستو!!!

مرنے سے پہلے اور وقت کے ہاتھ سے نکل جانے سے پہلے پہلے اس تحریک میں حصہ لیلو کہ اس اُمت پر یہ دن پھر نہ آئینگے

ہاجرہ بیگم صاحبہ اہلیہ شیخ محبوب صاحب دیورگ ۵/۶
منجانب والدہ صاحبہ مرحومہ ہاجرہ بیگم صاحبہ ۵/۶
سیٹھ غلام احمد صاحب ۱۵/-
نواب اکبر یار جنگ بہادر ۶۶۰/-
اہلیہ صاحبہ نواب اکبر یار جنگ بہادر ۳۵/-
نواب غلام احمد خاں صاحب ۱۰۵/-
اہلیہ صاحبہ نواب غلام احمد خاں صاحب ۲۵/-
حبیب اللہ خانصاحب صدیقی ۱۴۴/-

غلام حسن خاں صاحب ۲۳/-
سیٹھ سید جعفر صاحب ۱۴/-
اہلیہ صاحبہ سیٹھ سید جعفر صاحب ۶/-
مولوی مومن حسین صاحب ۱۹/-
ہدایت علی صاحب ۶/-
محمد عبد القادر صاحب صدیقی ۳۳/۲
شریف النساء صاحبہ اہلیہ " " ۳۳/۲
امۃ القیوم صاحبہ دختر " " ۵/۹

رضیہ بیگم صاحبہ دختر عبد القادر صاحب صدیقی ۵/۹
عبد الماجد صاحب فرزند " " " ۵/۹
عبد الحی صاحب " " " " ۵/۹
محمد عمر صاحب ۱۳/-
ظہیر النساء بیگم صاحبہ دختر محمد عمر صاحب ۱۳/-
حسینی بیگم صاحبہ اہلیہ " " " ۶/۸
محبوب النساء بیگم " " " " ۶/۸
سید عبد الغنی صاحب ۱۵/۴
اہلیہ صاحبہ سید عبد الغنی صاحب ۵/۲
بشیر محمد خاں صاحب بی۔ اے ۵/۱۴
محمد اسمٰعیل خانصاحب ۱۱/-
محمد حبیب الدین صاحب ۲۷/-
محمد امام غوری صاحب ۱۰/-
محمد عبد اللہ صاحب بی ایس سی ایل ایل بی ۷/-
اہلیہ صاحبہ " " " " " ۶/-
حکیم میر سعادت علی صاحب ۱۵۰/-
شرف النساء بیگم صاحبہ اہلیہ حکیم سعادت علی صاحب ۲۵/-
محمد عبد الستار صاحب فاروقی ۱۱/-
احمد عبد العزیز صاحب تلاپوری ۵/۱۲
محمد عبد الصمد صاحب ۶/-
حمید احمد صاحب ۱۰/-
کمال الدین احمد صاحب ۵/۲
سید حسین صاحب فاروقی ۶/۱۲
سید مجید اللہ صاحب ۶/-
اہلیہ صاحبہ سید مجید اللہ صاحب ۶/-
محمد لقمان صاحب ۶۱/-
ڈاکٹر غلام احمد صاحب معہ اہلیہ و فرزند و دختر ۴۰/-
ابو حامد صاحب ۵/۴
اہلیہ صاحبہ میر احمد سعید صاحب ۵/۸
سید مصطفٰی الحسینی صاحب ۱۲/-
اہلیہ صاحبہ سید مصطفٰی الحسینی صاحب ۵/-
محمود حسین صاحب کمپونڈر ۲۵/۸
میر یوسف سعید صاحب ۶/۸
اکبر حسین صاحب فرزند مومن حسین صاحب ۵/-
نواب رشید الدین خانصاحب ۵/-
محمود احمد صاحب برادر عبد اللطیف صاحب ۸/-

...دنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کا "تحریک جدید سال ہفتم" کے متعلق اعلان ہے کہ "۷؍ جنوری ۱۹۴۱ء تک وعدوں کی لسٹیں مرکز میں پہنچ جانی چاہئیں۔ اور آج سے ہی ...ریک جدید" کے کارکنوں کو اس کام میں مشغول ہو جانا چاہیئے۔ ہو سکے تو جلسہ سالانہ سے پہلے پہلے لسٹیں مکمل کر کے پہنچا دی جائیں"۔ "تحریک جدید" کی طرف سے یہ اعلان ...جاتا ہے حضور کے اس ارشاد کی تعمیل میں جن جماعتوں کے کارکن وعدوں کی "مکمل فہرستیں" ۲۰؍ دسمبر ۱۹۴۰ء ۸ بجے صبح تک" دفتر فنانشل سیکرٹری تحریک جدید" میں حضور کے ...ش کرنے کے لئے پہنچا دینگے۔ چونکہ اصل میعاد ۷؍ جنوری ۱۹۴۱ء ہے سے پہلے پہلے اپنی فہرست پہنچا دی ہے۔ اس لئے ان کا ان کی جماعت کا نام حضرت کے حضور ۲۷؍ دسمبر قبل دوپہر اچھا کام کرنے ...وجہ سے پیش کیا جائیگا۔ یہ وہ جمعہ کا مبارک دن ہے جس دن حضور کی پہلی تقریر بھی ہے۔ جن جماعتوں نے اپنے وعدوں کی فہرستیں ابھی تک نہیں بھیجی ہیں۔ وہ فوری توجہ کر کے ۲۶؍ دسمبر ۸ بجے صبح تک دفتر میں پہنچا دیں۔ اللہ تعالیٰ توفیق بخشے۔ والسلام

خاکسار:۔ برکت علی خاں فنانشل سیکرٹری تحریک جدید

Digitized by Khilafat Library Rabwah

352

لنڈن ۶ دسمبر۔ مسٹر لائڈ جارج آج مسٹر چرچل سے ملے۔ آپ گذشتہ جنگ کے موقعہ پر وزیر اعظم تھے۔ خیال ہے۔ کہ اب آپ کو لارڈ لوتھین کی جگہ امریکن سفیر مقرر کیا جائے گا۔ یہ بھی خیال ہے کہ براہ راست وزارت میں لے لیا جائے۔ یہ ملاقات اسی سلسلہ میں سمجھی جاتی ہے۔

ٹوکیو ۶ دسمبر۔ جاپانی گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ جاپانی طیاروں نے کل برما چنکنگ روڈ پر کئی گھنٹے مسلسل بمباری کی۔ کئی اہم پل تباہ ہو گئے۔ اور سڑک پر کئی جگہ گڑھے پڑ گئے۔

لنڈن ۶ دسمبر۔ تانجیر کی بین الاقوامی بستی پر جو جبرالٹر سے صرف تیرہ میل کے فاصلہ پر ہے۔ مکمل قبضہ کا سپین کی حکومت نے باقاعدہ اعلان کر دیا ہے۔ اور بارہ سو مراکشی سپاہی تعینات کر دیئے ہیں۔ حکومت برطانیہ کی طرف سے اس پر زبردست پروٹسٹ کیا گیا ہے۔

لاہور ۶ دسمبر۔ آج پنجاب اسمبلی کا اجلاس ختم ہوا۔ اور اب پھر ۲۰ جنوری ۱۹۴۱ء کو شروع ہوگا۔

لاہور ۶ دسمبر۔ یہاں اخباریوں کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں بڑے بڑے اخباری شریک تھے۔ باقاعدہ سول نافرمانی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جو ڈکٹیٹر کے حکم سے پنجاب میں جلد شروع کر دی جائے گی۔

لنڈن ۶ دسمبر۔ برطانیہ کے ایک منسٹر نے ایک تقریر میں روس کو انتباہ کیا ہے کہ اس کی طرف سے برطانی معاملات میں دخل در معقولات گوارا نہیں کیا جا سکتا۔

لنڈن ۶ دسمبر۔ پرتگال کے برطانی سفیر آج یہاں آئے۔ اور فوراً واپس ہو گئے۔ ان کے اس سفر کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جنگ میں سپین کی شرکت کے امکانات پیدا ہو رہے ہیں۔ اور اس سلسلہ میں حکومت برطانیہ مناسب پیش بندی کر رہی ہے۔ پرتگال اور برطانیہ میں اہم مشورے ہو رہے ہیں۔

بنکاک ۶ دسمبر۔ حکومت سیام نے فرانسیسی ہند چینی کی حکومت کو لکھا ہے کہ سرحد کے متعلق دونوں ملکوں میں جو جھگڑا چل رہا ہے۔ اس کا تصفیہ پر امن طریق پر کرنے کے لئے ایک کمیشن بھیجا جائے۔

ہندوستان اور ممالک غیر کی خبریں!

حیدرآباد ۷ دسمبر۔ حضور نظام کی کونسل کے صدر سر اکبر حیدری نے ایک بیان دیتے ہوئے بتایا۔ کہ حیدرآباد میں لڑائی کے سامان کی سپلائی کا کیا انتظام کیا گیا ہے۔ ورکشاپوں فیکٹریوں اور دوسرے کارخانوں میں کام بڑھایا جا رہا ہے۔ اور ایسے سامان کے آرڈر حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جو حیدرآباد میں تیار ہو سکتا ہے۔ اس طرح لڑائی میں بھی مدد دی جا سکے گی۔ اور ریاست کی تجارت بھی ترقی کرے گی۔

مدراس ۷ دسمبر۔ گورنر کے فنڈ سے ایک لاکھ روپیہ ہوائی وزارت کو اور بھیجا گیا ہے۔

قاہرہ ۷ دسمبر۔ انگریزی فوجوں نے سولم اور ایک اور مشہور قلعہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ لیبیا میں انگریزی فوجوں کی یہ پہلی کامیابی ہے۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ کل رات انگریزی ہوائی جہازوں نے جرمنی کے ایک مشہور شہر مین ہائم پر حملہ کیا۔ جو ساری رات جاری رہا۔ یہ اس شہر پر انتیسواں حملہ تھا۔ جس سے کئی جگہ آگ لگ گئی۔ یہ جرمنی میں کارخانوں کا شہر ہے۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ ایک اعلان میں بتایا گیا ہے۔ کہ انگریزی فوجوں نے لیبیا کی اطالوی بندرگاہ بارڈیا کو گھیر لیا ہے۔ اور انگریزی ہوائی جہاز اس پر بار بار بم گرا رہے ہیں۔ نیز ان سڑکوں پر بھی بم برسا رہے ہیں۔ جو طبروق کو جاتی ہیں اور جن سے دشمن کو کمک پہنچ سکتی ہے۔ انگریزی فوجیں طبروق کی طرف بیس میل بڑھ چکی ہیں اور برطانی جہاز اپنی فوجوں کو مدد دے رہے ہیں۔ مگر اطالوی بیڑے کو جرأت نہیں ہو سکی۔ کہ ان سے متصادم ہو۔ ایک اطالوی ڈبکنی کشتی نے ان کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی۔ مگر اسے ڈبو دیا گیا۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ آسٹریلیا کا فوٹوگرافر حال ہی میں مشرقی صحرا کے محاذ سے واپس آیا ہے۔ اور اس نے ہندوستانی فوجوں کی بہت تعریف کی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ گو انہیں پرائے ملک میں اور مخالف حالات میں لڑنا پڑ رہا ہے۔ مگر وہ خوش و خرم ہیں۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ البانیہ سے کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ البتہ ایک یونانی افسر کا بیان ہے۔ کہ اطالوی افواج برابر سمندر کی طرف ہٹ رہی ہیں۔ کئی روز سے برف باری ہو رہی ہے۔ مگر یونانی آہستہ آہستہ آگے بڑھ رہے ہیں۔ اطالویوں نے ایک جگہ جوابی حملہ کیا۔ مگر انہیں پیچھے ہٹا دیا گیا۔ یوگوسلاویہ کی ایک خبر مظہر ہے کہ یونانی پیٹی پی پر قابض ہو چکے ہیں۔

روم ۷ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے۔ کہ اٹلی میں تیل کی کمی سختی سے محسوس ہو رہی ہے۔ اور اب ہوائی جہازوں میں کوئلہ کی گیس کے استعمال کا تجربہ کیا جا رہا ہے حالانکہ ایسے تجربے ۲۵ سال سے ہو رہے ہیں۔ مگر کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ اگر ہو تو بھی اٹلی میں کوئلہ کہاں۔ اس وقت روزانہ اڑہائی سو گاڑیاں کوئلہ کی جرمنی سے اٹلی بھیجی جا رہی ہیں۔ اور اس طرح کام چل رہا ہے۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ دریائے ڈینیوب دو تین روز میں جمنا شروع ہو جائے گا۔ اور پھر جرمنی کو پٹرول کی بہم رسانی مشکل ہو جائے گی۔ کیونکہ یہی سب سے بڑا رستہ ہے۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ برطانی بمباروں نے کل پھر جرمن علاقے پر شدید حملے کئے شام کے آٹھ بجے سے پو پھٹنے تک وہ برابر مصروف رہے۔ واپسی پر انہوں نے بہت سے فوجی ٹھکانوں سے آگ کے شعلے بلند ہوتے دیکھے۔ روم کی خبروں سے ظاہر ہے کہ برطانی طیاروں نے اطالوی علاقہ پر بھی حملے کئے۔ بالخصوص باری کی بندرگاہ پر۔ جہاں سے اطالوی افواج البانیہ کو جاتی ہیں۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ کل رات برطانیہ پر کوئی بڑا حملہ نہیں ہوا۔ لنڈن کے کچھ علاقہ پر بم گرائے گئے۔ جس سے بعض آدمی ہلاک ہوئے۔ اور کچھ مکانات ٹوٹ پھوٹ گئے۔ دوسرے علاقوں میں کوئی خاص نقصان نہیں ہوا۔

واشنگٹن ۷ دسمبر۔ ایک اعلان میں بتایا گیا ہے۔ کہ اس وقت برطانیہ اور امریکہ میں جو مالی مذاکرات ہو رہے ہیں۔ ان میں زیادہ اہم سوال ڈالر ایکسچینج کا ہے۔ یعنی یہ کہ امریکہ سے جو مال خریدا جائے۔ اس کی قیمت امریکن سکوں میں کیونکر ادا کی جائے۔ برطانیہ کا مالی مشن اسی بارہ میں گفت و شنید کر رہا ہے۔

دہلی ۷ دسمبر۔ کل وائسرائے ہند نے کلکتہ میں تقریر کرتے ہوئے سپلائی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق جو کچھ کہا تھا۔ اس کے سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ فوج کو آئندہ دو سالوں میں جن چیزوں کی ضرورت ہے فوجی محکمہ سپلائی ڈیپارٹمنٹ کو اس کی اطلاع دے رہا ہے۔

پشاور ۷ دسمبر۔ ترکی کا جو فوجی مشن افغانستان آیا ہوا ہے۔ وہ آج کل صوبہ سرحد میں ہے۔ آج اس کے ممبروں نے شمالی وزیرستان پر ہوائی جہاز میں پرواز کی۔

کلکتہ ۷ دسمبر۔ آج وائسرائے ہند نے یہاں شہری گارڈ کی پریڈ دیکھی اور تقریر کرتے ہوئے کہا۔ کہ اس پریڈ سے ظاہر ہے کہ ہندوستان کے لوگ لڑائی جیتنے کا پکا ارادہ کر چکے ہیں جنگ میں فتح کے بعد خود ہندوستان کے علاوہ تمام مہذب دنیا آپ لوگوں کا شکریہ ادا کرے گی۔

لنڈن ۷ دسمبر۔ آزاد فرانسیسی خبر رساں ایجنسی کا بیان ہے کہ ایک سازش کی گئی تھی۔ کہ مارشل پیٹان کو کسی طرح جرمنی کے مقبوضہ علاقہ میں لے جایا جائے۔ جہاں اسے قید کر لیا جائے۔ اور موسیو لاوال اور فرانس کے جرمن سفیر کے دوستوں کی حکومت قائم کر دی جائے۔ اس سازش کا پتہ چل گیا۔ اور اسی بناء پر لاوال کی علیحدگی اور گرفتاری عمل میں آئی۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اگر آپ پریشانی سے بچنا چاہتے ہیں!

سٹریٹ ڈیلیوری سروس دہلی کی سرپرستی کیجئے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پریشانی کی کوئی ضرورت نہیں صرف دو آنہ میں آپ کا پارسل آپ کے دروازہ پر پہنچ جائیگا۔ چنگی خانوں یا کسی اور دفتر کی کھڑکیوں کے سامنے انتظار کرنے کی ہرگز کوئی ضرورت نہیں رہتی۔

۲۶۳۷ کو فون کریں

نارتھ ویسٹرن ریلوے

دہلی میں سٹریٹ ڈیلیوری سروس یہ تمام خدمت صرف دو آنہ کے بدلہ میں بجالاتی ہے

مستورات کیلئے خوشخبری

جلسہ سالانہ کے ایام میں مستورات کے لئے دواخانہ نورالدین رضؓ میں طبی مشورہ کا خاص انتظام کیا گیا ہے مستورات ہر وقت دار حضرت خلیفۃ المسیح اول رضؓ میں تشریف لا کر فائدہ اٹھا سکتی ہیں +

جلسہ سالانہ پر احباب کی خدمت میں بک ڈپو کے

نادر علمی تحفے

براہین احمدیہ ہر چہار حصص } جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معرکۃ الآرا اور مقبول عام کتاب ہے۔ جس کا جواب لکھنے والے کے لئے دس ہزار روپیہ انعام مقرر کیا گیا ہے۔ یہ کتاب ختم ہو چکی تھی۔ اب دوبارہ طبع کرائی گئی ہے۔ قیمت فی نسخہ چار روپیہ

ایام الصلح اردو } جس میں وفات مسیحؑ اور صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر قرآن مجید اور احادیث کی رو سے سیر کن بحث کی گئی ہے۔ یہ کتاب بھی ختم ہو چکی تھی اب دوبارہ طبع کرائی گئی ہے۔ قیمت فی نسخہ ۱۲؍

رسالہ یادگار جوبلی } جس میں جلسہ خلافت جوبلی کے تمام حالات اور ایڈریس درج کئے گئے ہیں۔ بہت دلکش کتاب ہے۔ قیمت فی نسخہ ۸؍

دینیات کورس } زنانہ گرلز سکول کے لئے نیا کورس مرتب کیا گیا ہے۔ قیمت فی نسخہ ۹؍

سلسلہ احمدیہ } حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کی حقائق اور معارف سے لبریز کتاب اور سلسلہ کی پچاس سالہ تاریخ ہے۔ قیمت مجلد عہ بے جلد عہ

تریاق القلوب } یہ بھی حضرت مسیح موعودؑ کی ایک گرانقدر تصنیف ہے جس میں بہت سے خدائی نشانات کا ذکر ہے۔ قیمت عہ فی نسخہ۔

براہین احمدیہ حصہ پنجم } حضرت مسیح موعودؑ کی ایک نہایت نادر تصنیف ہے جس میں روحانی علم کے نہایت قیمتی خزانے مخفی ہیں۔ اور بہت سے اختلافی مسائل کا حل ملتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ فی نسخہ

سیرت المہدی ہر سہ حصص } حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سوانح حیات اور سیرت کے متعلق روایات کا شاندار مجموعہ ہے۔ قیمت ہر سہ جلد تین روپیہ۔

نوٹ: حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ستر کتب کا سیٹ جو پہلے پچاس روپیہ میں ملتا تھا اب صرف پچیس روپیہ میں طلب فرمائیں

مینیجر بک ڈپو تالیف و اشاعت قادیان

عبدالرحمن قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپا۔ اور قادیان سے ہی شائع کیا۔ ایڈیٹر: غلام نبی

مدینۃ المسیح

قادیان ۱۷ ؍فتح ۱۳۱۹ ہش سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے متعلق ساڑھے آٹھ بجے شب کی ڈاکٹری اطلاع مظہر ہے۔ کہ حضور کی طبیعت گو پہلے سے بہتر ہے۔ مگر ابھی زکام کی شکایت رفع نہیں ہوئی۔ احباب حضور کی صحت کے لئے دعا کرتے رہیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا کے فضل سے اچھی ہے۔

حرم اول حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کو گو ابھی ضعف قلب اور چکروں کی تکلیف ہے۔ مگر طبیعت پہلے سے اچھی ہے۔ حرم ثانی آج رات کی گاڑی سے لاہور واپس تشریف لے آئی ہیں۔

چودہری غلام مرتضیٰ صاحب چک ۱۴۰ کینال جہانیاں ضلع ملتان کی والدہ صاحبہ کا جنازہ جس کا کل کے اخبار میں ذکر کیا گیا تھا۔ کل نہیں پڑھا گیا تھا۔ بلکہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ نے آج بعد نماز ظہر پڑھا۔ اور مرحومہ کو بہشتی مقبرہ میں دفن کیا گیا۔ بلندیٔ درجات کے لئے دعا کی جائے۔

جناب ڈپٹی کمشنر صاحب گورداسپور نے اپنے دورہ کے سلسلہ میں تین روز قادیان میں قیام کیا۔ آج پچاس آدمیوں کو انہوں نے سوک گارڈ میں بھرتی کیا۔ جن میں ۳۱ احمدی۔ ۱۰ غیر احمدی پانچ سکھ اور چار ہندو ہیں ڈپٹی کمشنر صاحب آج بٹالہ تشریف لے گئے۔

لنڈن میں احمدی بخیر و عافیت ہیں

لنڈن ۱۶ ؍دسمبر مولوی جلال الدین صاحب شمس امام مسجد احمدیہ لنڈن بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں۔ کہ دو راتوں کے سوا لنڈن میں ہوائی حملوں سے خاموشی رہی ہے۔ ممبران جماعت احمدیہ اللہ تعالےٰ کے فضل سے بخیر و عافیت ہیں۔ دعاؤں کی درخواست ہے۔

غازی کوٹ میں تبلیغی جلسہ

۱۵۔ فتح بروز اتوار چودہری حسین بخش صاحب کے دیوان خانہ میں زیر صدارت حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ تبلیغی جلسہ منعقد ہوا۔ جناب چودہری فتح محمد صاحب سیال نے نہایت احسن رنگ میں نظام اسلامی اور جماعت احمدیہ کی خدمات بیان کرتے ہوئے احمدیت کی صداقت پیش کی۔ آپ کے بعد خاکسار نے مختصر سی تقریر مجدد زمان پر کی۔ آخر میں حضرت صاحبزادہ صاحب نے یورپین اقوام کی حالت اور وہاں تبلیغ احمدیت کا ذکر کیا۔ جلسہ میں جماعت احمدیہ بھنگواں۔ طالب پور۔ چھینہ بیٹ بہادر پور اور بربار کے احباب بھی شریک ہوئے۔ اللہ تعالےٰ کا فضل ہے۔

چودہری حسین بخش صاحب آج سے چھ ماہ قبل جبکہ غازی کوٹ میں ہمارا احرار سے مناظرہ ہوا تھا۔ احمدی نہیں تھے۔ آپ نے دسمبر کے پہلے ہفتہ میں بیعت کی ہے۔ آپ گاؤں میں معزز آدمی ہیں۔ اور ساڑھے تین سو گھماؤں کے مالک ہیں۔ اللہ تعالےٰ آپ کو استقامت دے یہ جلسہ چودہری صاحب نے ہی کرایا۔ خاکسار دل محمد۔

حزب اللہ بنو

سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ خدام الاحمدیہ کو خطاب کرکے فرماتے ہیں۔

"حزب اللہ بنو پھر دیکھو۔ کس طرح اللہ تعالےٰ کی نصرت تمہیں کامیاب کرتی ہے۔ اللہ کے لشکر میں وہی شامل سمجھا جائے گا۔ جو اس وقت تک لڑتا ہے۔ جب تک آخری فتح نصیب نہ ہو جائے ہماری فتح اس وقت ہوگی جب ہم نئی زمین نئے آسمان اور نئے نظام کے قیام کو دیکھ لیں گے۔

پس دوستو! جنگ جاری ہے۔ اور اس میں ہر احمدی سپاہی کی ضرورت ہے۔ ہمیں اس وقت تک مصروف عمل رہنا چاہئے۔ جب تک خدا تعالےٰ اپنی نصرت سے اسلام کا آخری غلبہ نہ دکھائے۔ پس تم حزب اللہ بنو پھر دیکھو اللہ تعالےٰ کی نصرت تمہیں کس طرح کامیاب کرتی ہے۔ جنرل سیکرٹری مجلس خدام الاحمدیہ

پھر جلسہ سالانہ منانے کے دن آئے

پھر یاد مسیحا کے ستانے کے دن آئے پھر قلب حزیں اپنا تپانے کے دن آئے
پھر گیسوئے محبوب میں شانے کے دن آئے الجھاؤ میں سلجھاؤ کے لانے کے دن آئے
احباب کے اطراف سے آنے کے دن آئے پھر جلسۂ سالانہ منانے کے دن آئے
پھر وصل کی راتوں کے منانے کے دن آئے پھر ہجر کی کلفت کے مٹانے کے دن آئے
قرآن کی آیات سنانے کے دن آئے حکمت کے نئے باب پڑھانے کے دن آئے
پھر ساقی کوثر کے پلانے کے دن آئے سرمست مے حق سے بنانے کے دن آئے
روٹھا ہوا دلدار منانے کے دن آئے رونا ہوا موقوف ہنسانے کے دن آئے
مخلوق کو خالق سے ملانے کے دن آئے قوموں کو مساوات سکھانے کے دن آئے
اسلام کے افراد بڑھانے کے دن آئے پھر کفر کی تعداد گھٹانے کے دن آئے
پھر جلوۂ سر طور دکھانے کے دن آئے اس یار طرحدار کو پانے کے دن آئے
پھر باب زیارت کے کھلانے کے دن آئے آنکھیں یہ سر راہ بچھانے کے دن آئے
پھر گلشن احمدؑ میں ترانے کے دن آئے بو باس کو سینوں میں بسانے کے دن آئے

اکمل کے یہ نغمات بصد جوش صد اخلاص
پھر مجمع احباب میں گانے کے دن آئے

چندہ تحریک جدید اور پنشنر اصحاب کا قابل تعریف اخلاص

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے پنشنر احباب کو تحریک جدید کے متعلق اجازت دے رکھی ہے۔ کہ وہ اگر پنشن کے زمانہ میں اپنی ملازمت کی موعودہ رقم پر نصف سے زیادہ ہر سال دیتے جائیں۔ تو وہ سابقون میں رہیں گے۔ کیونکہ انہوں نے اپنی آمد کے لحاظ سے تحریک جدید میں سبقت رکھی۔ مگر بعض ایسے مجاہد ہیں۔ جو باوجود پنشن پر آنے کی وجہ سے نصف آمد ہو جانے کے تحریک جدید کے چندے میں کمی کرنا اس لئے گوارا نہیں کرتے۔ کہ ان کا ایمان اور اخلاص انہیں مجبور کر رہا ہے۔ کہ وہ اللہ کے راستہ میں جو قدم اٹھا چکے ہیں۔ اسے پیچھے نہ ہٹائیں۔ بلکہ بڑھتے ہوئے قدم کو آگے بڑھاتے جائیں۔ جیسا کہ میاں محمد شریف صاحب ریٹائرڈ ای۔ اے۔ سی حاجی اللہ بخش صاحب فیروز پوری۔ اور بنگال کے ایک دوست مکرمی ایم۔ ایم سالم اکبر صاحب ہیں۔ جناب سالم صاحب لکھتے ہیں۔ میں بوجہ خرابیٔ صحت پنشن پر آگیا ہوں۔ میں چھ سال تک بڑھ چڑھ کر چندہ تحریک جدید دیتا رہا۔ لیکن اب طبیعت قبول نہیں کرتی۔ کہ میں پنشن پر آنے کی وجہ سے کمی کر دوں۔ اللہ تعالےٰ کے حضور دعا ہے۔ کہ وہ اپنے فضل اور رحم سے توفیق دے۔ کہ میں آئندہ چار سال میں بھی اضافہ کے ساتھ چندہ ادا کرتا رہوں۔ سال ہفتم کے لئے میرا وعدہ ۱۱۵/۰ ہے۔ جو ملازمت کے حساب کے مطابق ہے۔ جزاہم اللہ احسن الجزا۔

بنگال کے احباب خصوصیت سے اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اور بیرون ہند اور ہندوستان کے احباب اپنے وعدے اضافہ کے ساتھ پیش کر کے اللہ تعالےٰ کی رضا حاصل کریں۔

خاکسار فنانشل سکرٹری تحریک جدید۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعتراضات کے جواب

طاعون کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیشگوئی اور اخبار ”اہلحدیث“

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مولوی ثناء اللہ صاحب نے اپنے اخبار ”اہلحدیث“ میں احمدیت کی مخالفت کا جو التزام کر رکھا ہے۔ اسے نباہنے کے لئے انہیں اکثر اوقات نہایت افسوسناک رویہ اختیار کرنا پڑتا ہے اس کی ایک تازہ مثال ”اہلحدیث“ ۱۳ دسمبر سے پیش کی جاتی ہے:۔

مولوی صاحب نے لکھا ہے۔

”جن دنوں پنجاب خاصکر قادیان۔ ضلع گورداسپور میں طاعون پھیلا ہوا تھا۔ تو قادیان سے آواز اٹھی تھی کہ قادیان طاعون سے محفوظ رہے گا۔ (الحکم ۱۰۔ اپریل ۱۹۰۲ء) چونکہ قدرت کو بھی ایسے مدعیوں سے خاص ضد ہے اس لئے مدعی مذکور کی تکذیب ایسی ہوئی۔ کہ مرزا صاحب قادیانی نے مجبوراً اعتراف کیا۔ کہ قادیان میں طاعون زور سے پھیلا“ (حقیقۃ الوحی ص۸۴)

اس میں شک نہیں کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے طاعون کے متعلق پیشگوئی فرمائی تھی۔ لیکن ”اہلحدیث“ نے اسے بالکل غلط رنگ میں پیش کیا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اپنے الفاظ میں یہ پیشگوئی اس طرح ہے:۔

”میرے منجانب اللہ ہونے کا یہ نشان ہوگا۔ کہ میرے گھر کے چار دیوار کے اندر رہنے والے مخلص لوگ اس بیماری کی موت سے محفوظ رہیں گے۔ اور میرا تمام سلسلہ نسبتاً ومقابلۃً طاعون کے حملہ سے بچا رہے گا۔ اور وہ سلامتی جو ان میں پائی جائے گی۔ اس کی نظیر کسی گروہ میں قائم نہیں ہوگی۔ اور قادیان میں طاعون خوفناک آفت جو تباہ کر دے۔ نہیں آئے گی“ (کشتی نوح ص۱)

ظاہر ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ جو کچھ تحریر فرمایا ہے۔ مولوی ثناء اللہ صاحب کے بیان سے بالکل مختلف ہے۔ مولوی صاحب نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف یہ بات منسوب کی ہے۔ کہ ”قادیان طاعون سے محفوظ رہے گا“ اور اس کے لئے ۱۰ اپریل ۱۹۰۲ء کے ”الحکم“ کا حوالہ دیا ہے۔ حالانکہ ”الحکم“ کے اس پرچہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے طاعون کے بارہ میں کوئی بات درج نہیں۔ البتہ ایڈیٹر صاحب الحکم کا ایک مضمون ہے۔ لیکن اس میں بھی وہ الفاظ نہیں جو مولوی صاحب نے پیش کئے ہیں بلکہ جو کچھ لکھا ہے۔ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بیان کردہ مفہوم کے مطابق ہے۔ چنانچہ لکھا ہے:۔

”ایک طرف پیسہ اخبار پیشگوئی کرتا اور ذمہ لیتا ہے۔ کہ لاہور طاعون سے محفوظ رہے گا۔ اور دوسری طرف خدا کا مامور۔ مرسل۔ جری اور مسیح موعود خدائے حکیم علیم وقدیر کی وحی انّہٗ اوی القریۃ کی بناء پر ساری دنیا کے طبیبوں۔ فلسفیوں اور پریذیڈنٹوں کو کھول کر سناتا ہے۔ کہ قادیان یقیناً ایسی پراگندگی۔ تفرقہ۔ جزع فزع اور موت الکلاب اور تباہی سے محفوظ رہے گا۔ اور بالضرور محفوظ رہے گا۔ جس میں دوسرے بلاد مبتلا ہیں“

ان الفاظ کو پیش نظر رکھنے سے صاف ظاہر ہے۔ کہ مولوی ثناء اللہ صاحب نے جو کچھ بیان کیا ہے۔ وہ اصل کے بالکل خلاف ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تو یہ تحدی فرمائی ہے۔ کہ (۱) میرے گھر کے چار دیوار کے اندر رہنے والے مخلص لوگ اس بیماری کی موت سے محفوظ رہیں گے۔ (۲) میرا تمام سلسلہ نسبتاً ومقابلۃً طاعون کے حملہ سے بچا رہے گا۔ (۳) قادیان میں طاعون خوفناک آفت کے رنگ میں جو تباہ کر دے۔ نہیں آئے گی۔ اور ”الحکم“ نے بھی یہی لکھا ہے۔ کہ قادیان یقیناً ایسی پراگندگی۔ تفرقہ۔ جزع وفزع اور تباہی سے محفوظ رہے گا۔ اور بالضرور محفوظ رہے گا جس میں دوسرے بلاد مبتلا رہیں۔

لیکن مولوی ثناء اللہ صاحب مبہم الفاظ میں اس دعوے کو بیان کر کے یہ غلط فہمی پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ کہ گویا قادیان میں طاعون کے آنے کی نفی کی پیشگوئی کی گئی تھی۔ مگر پھر حقیقۃ الوحی کے ان الفاظ سے کہ ”پھر طاعون کے دنوں میں جبکہ قادیان میں طاعون زور پر تھا“ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ نعوذ باللہ یہ پیشگوئی غلط نکلی لیکن نہ طاعون کے بالکل نہ آنے کی پیشگوئی تھی۔ اور نہ وہ غلط ثابت ہوئی۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو کچھ تحریر فرمایا۔ اور جس کا اعادہ معاصر ”الحکم“ نے کیا وہ ایک ایسی بات ہے۔ جو تاریخی حیثیت رکھتی ہے اور جس کی تردید کی نہ ”اہلحدیث“ کو جرأت کبھی ہوئی ہے اور نہ ہوسکتی ہے۔ یعنی یہ کہ قادیان میں طاعون ایسی تباہ کن صورت میں کبھی نمودار نہ ہوگی۔ جیسی دوسرے مقامات میں۔

غرض نہ صرف قادیان میں طاعون کے بالکل نہ آنے کی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پیشگوئی نہیں فرمائی تھی۔ بلکہ پیشگوئی کے الفاظ یہ ظاہر کرتے ہیں۔ کہ طاعون قادیان میں بھی آئے گی۔ چنانچہ آپ نے جو یہ فرمایا۔ کہ ”میرے گھر کے چار دیوار کے اندر رہنے والے مخلص لوگ اس بیماری کی موت سے محفوظ رہیں گے“۔ ان کا یہی مطلب ہے۔ کہ آپ کے گھر کے چار دیوار سے باہر کچھ لوگ اس کا شکار ہوں گے۔ پھر آپ کا یہ ارشاد کہ ”میرا تمام سلسلہ نسبتاً ومقابلۃً طاعون کے حملہ سے بچا رہے گا“ بھی بتاتا ہے کہ طاعون کا حملہ قادیان پر بھی ہوگا۔ مگر اس کا اثر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سلسلہ پر ایسا نہیں ہوگا۔ جیسا دوسروں پر۔ اور اصل بات تو یہ ہے۔ کہ اگر طاعون قادیان میں نہ آتی۔ اور یہاں اس کا حملہ نہ ہوتا تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ پیشگوئی اس شان کے ساتھ پوری نہ ہوتی۔ جس سے اب پوری ہوئی کہ طاعون قادیان میں آئی۔ کئی لوگ اس سے فوت ہوئے۔ آپ کے گھر کے چار دیوار کے قریب موتیں ہوئیں۔ لیکن آپ کے گھر میں کوئی چوہا بھی نہ مرا۔ اور اس طرح آپ نے خدا تعالیٰ سے علم پاکر جو پیشگوئی فرمائی تھی۔ وہ لفظ بلفظ پوری ہوئی:۔

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کے حضور ایک مجاہد تحریک جدید کا مکتوب

ایک نہایت مخلص مجاہد لکھتے ہیں:۔ حضور نے سال ہفتم کے لئے حکم صادر فرما دیا ہے حضور کی دعا سے خاکسار گزشتہ چھ سالوں میں کم وبیش حصہ لیتا رہا۔ یہ صرف حضور کی دعاؤں کا نتیجہ ہے ورنہ میرے جیسا انسان اور خصوصاً ان حالات میں سے گزرنے والا کہ جس کے پاس ایک پائی جمع نہ ہو۔ بلکہ دو ہزار روپے کا مقروض ہو۔ جس کی ماہوار آمدنی بمشکل تمام گھر کے افراد کے لئے کافی ہوسکتی ہو۔ وہ محض اللہ تعالیٰ کے رحم اور حضور کی دعاؤں کے طفیل ہی اس اس تحریک میں حصہ لے سکتا ہے۔ اور میں اپنے آپ کو حضور کی خاص دعاؤں کا زندہ ثبوت سمجھتا ہوں۔ پس اے میری جان سے پیارے۔ غلام کو سال ہفتم میں بھی نہ بھلائیے ساتویں سال میں بھی گزشتہ سال سے زیادتی کے ساتھ وعدہ پیش کرتا ہوں۔ قبول فرمائیں:۔

وہ لوگ جو فرض کو آڑ بنا کر اللہ کی راہ میں قربانی کرنے سے پہلوتہی کرتے ہیں۔ وہ اس مثال سے سبق حاصل کریں۔

فنانشل سکرٹری تحریک جدید:۔

مسئلہ نبوت کے بارہ میں تبدیلی عقیدہ کا مرتکب کون ہوا؟

۱۹۰۶ء میں مولوی محمد انشاء اللہ خان صاحب ایڈیٹر وطن لاہور نے یہ تجویز پیش کی۔ کہ اگر رسالہ ریویو آف ریلیجنز انگریزی میں احمدیت اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ذکر نہ کیا جائے تو وہ اس رسالہ کی امداد کے لئے دوسرے مسلمانوں میں تحریک کریں گے۔ اور یہ رسالہ گویا سب کا مشترکہ سمجھا جائے گا۔ مولوی محمد علی صاحب اس وقت اس کے ایڈیٹر تھے۔ اس ضمن میں جو مولوی صاحب نے ایڈیٹر وطن کو خطوط لکھے وہ اخبار الحکم میں اسی وقت شائع کر دیئے گئے۔ ان میں سے ایک خط میں آپ نے لکھا ہے۔ کہ اسلام کے متعلق مضامین لکھتے ہوئے میں اپنے عقاید کا پابند ہوں گا۔ اور یہ منافقانہ کارروائی مجھ سے ہرگز نہ ہو سکے گی۔ کہ اپنے عقائد کو چھپاؤں۔ پھر آپ نے ان عقائد کا ذکر کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔

"مثلاً میرا یہ عقیدہ ہے۔ کہ اسلام ایک زندہ مذہب ہے۔ اور یہی ایک خصوصیت ہے۔ جو اس کو تمام دوسرے مذاہب سے ممتاز کرتی ہے۔ اور اللہ تعالےٰ جس طرح سے قدیم زمانہ میں اپنے برگزیدہ بندوں کو اپنے مکالمہ مخاطبہ سے مشرف کرتا تھا۔ اسی طرح اب بھی کرتا ہے۔ میں چونکہ علیٰ وجہ البصیرت اس عقیدہ پر قائم ہوں۔ اس لئے یہ ہرگز نہیں ہوگا۔ کہ اسلام کے فضائل اور اس کی خصوصیات بیان کرتے وقت میں اس بات کو چھپا لوں اور اس کا ذکر نہ کروں۔ ایسا کرنا میرے نزدیک وہی نفاق ہے۔ جس کے متعلق اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار"

پھر پانچویں نمبر پر لکھتے ہیں۔

"نیز میں اس عقیدہ پر قائم ہوں کہ ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم خاتم النبین ہیں۔ اور آپ کے بعد کوئی نبی خواہ پرانا نبی ہو یا نیا ایسا نہیں آسکتا۔ کہ اس کو بدون وساطت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے نبوت ملی ہو۔ اور خدا تعالےٰ کے وہ انعام جن کا دروازہ اس نے اس امت کے لئے کھلا رکھا ہے۔ یعنی مکالمہ مخاطبہ کے انعام وہ بدون وساطت ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اب دنیا میں کسی کو حاصل نہیں ہو سکتے۔"

الحکم ۱۰۔مارچ ۱۹۰۶ء

اب اگر مولوی محمد علی صاحب اپنے اس دعوے میں سچے ہیں کہ انہوں نے مسئلہ نبوت کے متعلق اپنے عقیدہ میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔ تو مہربانی فرما کر پیغام صلح میں مذکورہ بالا الفاظ جو انہوں نے ۱۹۰۶ء میں ایک غیر احمدی ایڈیٹر اخبار کو لکھے تھے۔ تحریر فرما کر یہ اعلان فرما دیں۔ کہ مسئلہ نبوت کے متعلق اب بھی ان کا عقیدہ وہی ہے۔ جو ان الفاظ میں بیان ہوا ہے۔ اور ہم بھی انہی کے مذکورہ بالا الفاظ میں یہ اعلان کر دیں گے۔ کہ ہمارا بھی بعینہ یہی عقیدہ ہے۔ اور خاتم النبین کی مذکورہ تفسیر کے مطابق ہم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایسا نبی سمجھتے ہیں جن کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وساطت سے نبوت ملی ہے۔ اور پھر یہ متفقہ بیان بطور اشتہار شائع کر دیا جائے گا۔ لیکن اگر مولوی صاحب ایسا نہ کریں تو اس سے سمجھا جائے گا۔ کہ اب وہ اپنے اس عقیدہ کو جو ۱۹۰۶ء میں آپ کا تھا چھپاتے ہیں۔ اور ایسا کرنا بقول ان کے وہی نفاق ہے۔ جس کے متعلق اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النارؕ

خاکسار جلال الدین شمس از لندن

حضرت کرشن علیہ السلام کی سوانح حیات

۲

گیتا اور شری کرشن جی کی تعلیم

